رہبر معظم کی موجودگی میں حضرت امام حسین (ع) کے چہلم کی مجلس عزا - 25 /Jan/ 2011

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے بہتر باوفا ساتھیوں کے چہلم کی مناسبت سے مجلس عزا منعقد ہوئی جس میں ملک بھر کی یونیورسٹیوں کے ہزاروں طلباء نے حسینی جوش و جذبہ اور شعور کے ساتھ شرکت کیہ

مجلس کے آغاز میں یونیورسٹیوں کے طلباء نے مکتب امام حسین علیہ السلام کے اسلامی معارف کے بارے میں بیان سماعت کیا ، اس کے بعد اہلبیت علیہم السلام کے ذاکرین ، مداحوں اور عزاداروں نے حضرت زینب سلام اللہ علیہا اور اسیران کربلا کے رنج و غم میں نوحہ خوانی اور سینہ زنی کیہ